© rasailojaraid.com



سرفہرست ہیں جنھوں نے اُن کے مرتب کردہ اشاریے اعلیٰ انداز میں شائع کیے ہیں۔ موصوف نے ماہنامہ الحق کا پینتالیس سالہ اشاریہ، ماہنامہ محدث، ماہنامہ ترجمان القرآن، ماہنامہ حق چار یارؓ، ماہنامہ حکمت قرآن، ششماہی علوم القرآن، سہ ماہی پیغام آشنا، مجلّہ الثقافتہ الاسلامیہ، ماہنامہ الولی/الرحیم، ماہنامہ فقہ اسلامی، ماہنامہ القاسم، سہ ماہی اقبالیات ہفت روزہ الاعتصام، ماہنامہ رحیق، ماہنامہ لولاک، ماہنامہ میثاق، سہ ماہی ادبیات، سہ ماہی صحیفہ وغیرہ کے اشاریے مرتب کرنے کے علاوہ کئی ایک موضوعات پر کتابیات مرتب کر کے علمی دنیا میں اپنا نام سنہری حروف میں لکھوا چکے ہیں۔

موصوف کا نیا علمی کارنامہ ماہنامہ الرحیم اور ماہنامہ الولی کے اشاریہ پر مشتمل ہے، جو علامہ غلام مصطفیٰ قاسمی، سندھ یونیورسٹی کے چیئرمین جناب پروفیسر ڈاکٹر قاضی خادم کی خصوصی کاوشوں سے اعلیٰ انداز میں شائع کیا گیا ہے۔ جس پر قاضی صاحب اور یونیورسٹی کے دیگر ذمہ داران مبارک باد کے مستحق ہیں۔ ماہنامہ ''الرحیم'' جس کا نام بعد ''الولی'' ہوگیا تھا، حیدرآباد کے ایک سرکاری اور علمی ادارے ''شاہ ولی اللہ اکیڈمی'' سے تقریباً ۲۵، ۳۰ سال شائع ہوتا رہا، درمیان میں کئی بار تعطل کا شکار بھی رہا۔ اس رسالے میں پاکستان اور بیرون ملک کے بہت سے جید علماءِ کرام اور اہلِ علم کی تحریریں شائع ہوتی تھیں، لیکن علمی ناقدری کے باعث یہ پرچہ بند ہوگیا تھا۔ لیکن اس علمی مجلّے کا اشاریہ مرتب کر کے جناب شاہد حنیف نے نہ صرف اس رسالے کو زندہ کردیا ہے بلکہ اس میں شائع ہونے والے علمی لوازمے تک اہل علم و محققین کی رسائی بالکل آسان کردی ہے۔ یہ اشاریہ ۲۰۰ سے زائد صفحات پر مشتمل ہے، اعلیٰ کاغذ اور مضبوط جلد کیساتھ شائع کیا گیا ہے۔ (مولانا مجاہد الحسینی)

- **نادر اقوال کا نادر مجموعہ ............ گل سید نندرک**

مطالعہ کی پیاس ایک ایسی پیاس ہے جو کبھی نہیں بجھتی اور جب اللہ تعالیٰ کسی کو یہ پیاس عطا کر کے ساتھ لکھنے کا ذوق بھی عطا کر دیتا ہے تو وہ نور علی نور بن جاتا ہے۔ گل سید نندرک صاحب بھی اِسی نور کا مصداق ہیں جس پر واضح دلیل آپ کی کتاب 'نادر اقوال کا نادر مجموعہ' ہے موصوف نے ان اقوال کو اپنے مطالعہ کے دوران اخذ کر کے اب اس کو کتابی شکل میں شائع کیا ہے، زندگی کے تقریباً ہر شعبہ سے متعلق نادر اقوال جمع کر کے شائقین علم کے لئے ایک بے بہا خزینہ پیش کیا، موصوف مصنف کی یہ عظیم پیش کش قابل صد تحسین ہے جسکی محنت عرق ریزی ہی نہیں، ذوق لطیف بھی اس مجموعے کی ترتیب میں جا بجا جلوہ افروز نظر آتی ہے۔ کتاب ۵۲۸ صفحات پر مشتمل ہے، قیمت ۶۵۰ روپے، ملنے کا پتہ: مکتبہ ایوان شریعت جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک۔ 0333-9193805

© rasailojaraid.com